# 14390 ـ قبروں پر پھول چڑھانے کا حکم

**سوال**

کیا مجہول فوجی کی قبر پر پھول چڑھانا بھی اولیاء و صالحین کی قبر کی تعظیم اور قبر کی عبادت کے زمرہ میں آتا ہے اور اس کا حکم بھی ایك ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

یہ عمل بدعت اور مردوں میں غلو اور حد سے تجاوز کرنا ہے، اور یہ عمل بالکل ان لوگوں کے عمل سے مشابہ ہے جو انہوں نے اپنے صالحین اور اولیاء کے ساتھ کیا اور ان کی تعظیم کی اور انہیں شعار بنا لیا.

خدشہ ہے کہ ایام اور زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ قبروں پر قبہ کی تعمیر اور ان سے تبرك کے حصول اور انہیں معبود بنانے کا باعث بن جائیگا، اس لیے شرك کے سد ذریعہ کے لیے ایسا کام ترك کرنا واجب و ضروری ہے.

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء .